روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 9 مئی 2005ء 29 ربیع الاول 1426 ہجری 9 ہجرت 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 101

غم کا گھونٹ

حضرت حسنؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ کو کوئی گھونٹ غم کے اس گھونٹ سے زیادہ پسند نہیں جو انسان صبر کر کے پیتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو غصے کے گھونٹ سے زیادہ کوئی گھونٹ پسند نہیں جو غصہ دبانے کے نتیجہ میں انسان پیتا ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ جلد8 ص 88 حدیث نمبر :34409)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قیام جماعت احمدیہ سے ایک سال قبل کا واقعہ ہے کہ حضرت چوہدری رستم علی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے ایک گہرے دوست انتقال کر گئے حضرت مسیح موعود کو علم ہوا تو حضور نے انہیں ایک بصیرت افروز مکتوب سپرد قلم فرمایا ذیل میں اس اہم مکتوب کا متن ہدیہ قارئین کیا جاتا ہے۔

عنایت نامہ پہنچا۔ اس عاجز کے ساتھ ربط ملاقات پیدا کرنے سے فائدہ یہ ہے کہ اپنی زندگی کو بدلا جائے۔ تا عاقبت درست ہو۔ سندر داس کی وفات کے زیادہ غم سے آپ کو پرہیز کرنا چاہئے۔ خدا تعالیٰ کا ہر ایک کام انسان کی بھلائی کے لئے ہے۔ گو انسان اس کو سمجھے یا نہ سمجھے جب ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعثت کے بعد بیعت ایمان لینا شروع کیا۔ تو اس بیعت میں یہ داخل تھا کہ اپنا حقیقی دوست خدا تعالیٰ کو ٹھہرایا جاوے اور اس کے ضمن میں اس کے نبی اور درجہ بدرجہ تمام صلحاء کو اور بغیر حلّت دینی کے کسی کو دوست نہ سمجھا جائے۔ یہی .... ہے۔ جس سے آج کل کے لوگ بے خبر ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے.......... یعنی ایمانداروں کا کامل دوست خدا ہی ہوتا ہے۔ وبس۔ جس حالت میں انسان پر بجز خدا تعالیٰ کے اور کسی کا حق نہیں۔ تو اس لئے خالص دوستی محض خدا تعالیٰ کا حق ہے۔ صوفیاء کو اس میں اختلاف ہے۔ کہ جو مثلاً غیر سے اپنی محبت کو عشق تک پہنچاتا ہے اس کی نسبت کیا حکم ہے اکثر یہی کہتے ہیں کہ اس کی حالت حکم کفر کا رکھتی ہے۔ گو احکام کفر کے اس پر صادر نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ بباعث بے اختیاری مرفوع القلم ہے تاہم اس کی حالت کافر کی صورت میں ہے۔ کیونکہ عشق اور محبت کا حق اللہ جل شانہ کا ہے۔ اور وہ بددیانتی کی راہ سے خدا تعالیٰ کا حق دوسرے کو دیتا ہے اور یہ ایک ایسی صورت ہے جس میں دین و دنیا دونوں کے وبال کا خطرہ ہے۔ راستبازوں نے اپنے پیارے بیٹوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا۔ اپنی جانیں خدا تعالیٰ کی راہ میں دیں۔ تا توحید کی حقیقت انہیں حاصل ہو سو میں آپ کو خالصاً للہ نصیحت دیتا ہوں۔ کہ آپ اس حزن و غم سے دستکش ہو جائیں۔ اور اپنے محبوب حقیقی کی طرف رجوع کریں۔ تا وہ آپ کو برکت بخشے اور آفات سے محفوظ رکھے۔

والسلام خاکسار

غلام احمد از قادیان یکم مارچ 1888ء

(الحکم 28 مارچ 1909ء صفحہ 3)

حمد و ثناء اسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی نہ کوئی ثانی
باقی وہی ہمیشہ غیر اس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی
سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
دل میں مرے یہی ہے سبحان من یرانی

جلسہ سالانہ تنزانیہ سے
حضور ایدہ اللہ کے خطاب

جلسہ سالانہ تنزانیہ کے موقع پر ایم ٹی اے کی Live نشریات 9`10 مئی 2005ء کو پاکستانی وقت کے مطابق 11:30 بجے صبح شروع ہوں گی۔ جلسہ سالانہ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ افتتاحی اور اختتامی خطاب فرمائیں گے۔ اس پروگرام کی ریکارڈنگ اسی دن 7:00 بجے شام نشر ہوگی۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

(نظارت اشاعت)

احباب دعائیں جاری رکھیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی والدہ ماجدہ حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ اہلیہ حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے حوالے سے احباب دعائیں جاری رکھیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے فضل عمر ہسپتال میں دو آپریشنز ہو چکے ہیں۔ لیکن کمزوری بہت زیادہ ہے اور آپ ابھی ہسپتال میں ہی زیر علاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بابرکت وجود کو محض اپنے فضل و کرم سے مکمل صحت یابی عطا فرمائے اور ہر آن اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

سرجیکل رجسٹرار کی ضرورت

فضل عمر ہسپتال ربوہ یں سرجیکل رجسٹرار کی دو آسامیاں خالی ہیں۔ جو ڈاکٹر صاحبان ایم بی بی ایس ہوں اور خدمت خلق کا جذبہ رکھتے ہیں اپنی درخواستیں مع اسناد اور تجربہ کے سرٹیفکیٹ ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال کے نام ارسال کریں۔ درخواستیں صدر صاحب محلّہ / امیر صاحب جماعت کی سفارش سے آنی چاہئیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

بے گناہوں کیلئے دعا

جماعت احمدیہ کے بہت سے افراد مقدمات میں ملوث کئے گئے ہیں اور کئی قسم کی پریشانیوں میں مبتلا ہیں احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان سب بے گناہوں کی اپنے فضل سے بریت کے سامان پیدا فرمائے اور ہر قسم کی مشکلات سے بچائے۔ (آمین)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

164

پر حکمت نصائح
ایمان افروز واقعات

مرتبہ : عبدالستار خان صاحب

اعتراضات نوٹ کئے جائیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

جو نوجوان (دعوت الی اللہ) کے لئے جائیں اور جو اعتراضات ان پر ہوں وہ ایک رجسٹر میں درج کئے جائیں اور جو خادم باہر سے آئے وہ تمام اعتراضات جو اس پر دعوت الی اللہ کے دوران میں ہوں، لکھ کر یا لکھوا کر محلّہ کے سیکرٹری کو دے دے جو اسے رجسٹر میں درج کر دے۔

(مشعل راہ۔ جلد اول ص 437)

قیمتی خزانہ پہنچانے کی ذمہ داری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

اللہ کی عبادت کرنے والے وہ ہیں جو درد کے ساتھ لوگوں کو بھی اللہ کی طرف بلاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہم احمدیوں پر یہ انعام اور احسان بھی فرمایا ہے کہ اس نے ہمیں اس گروہ میں شامل ہونے کی توفیق عطا فرمائی جو تمام انبیاء پر یقین رکھنے والا اور ان پر ایمان لانے والا ہے۔(۔) اس لحاظ سے ہم اپنے آپ کو جتنا بھی خوش قسمت سمجھیں کم ہے اور اس احسان پر اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے۔ لیکن واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ کا یہ احسان ہم پر ایک ذمہ داری بھی ڈالتا ہے کہ جس قیمتی خزانے کو تم نے حاصل کیا ہے، جس لعل بے بہا کو تم نے پا لیا ہے اس کو اپنے تک ہی محدود نہیں رکھنا بلکہ اس خزانے کو اور ان خزائن کو جو ہزاروں سال سے مدفون تھے، ان خزانوں کو جن کو حاصل کرنے کے بعد انسان خدا تک پہنچ سکتا ہے، دوسروں تک بھی پہنچائیں ، انہیں بھی شیطان کے چنگل سے آزاد کروائیں، اور اللہ تعالیٰ کے عبادت گزار بندے بنائیں۔ اور اس حدیث پر عمل کرنے والے ہوں کہ جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو وہ دوسروں کے لئے بھی پسند کرو۔ ان کو بھی اس میں سے حصہ دو، اس خزانے کو، اس گوہر نایاب کو دبا کر ہی نہ بیٹھ جاؤ بلکہ اس کو دنیا کے ہر شخص تک پہنچاؤ۔

(الفضل 31راگست 2004ء)

الٰہی تائید سے حوالہ مل گیا

سیدنا حضرت مسیح موعود کا ایک مباحثہ 20 جولائی سے 29 جولائی 1891ء تک لدھیانہ میں ہوا۔

حضرت پیر سراج الحق صاحب کی روایت کے مطابق اس مباحثہ کے دوران میں فریق مخالف نے بخاری کا ایک حوالہ طلب کیا۔ اس وقت وہ حوالہ حضرت اقدس کو یاد نہیں تھا۔ اور نہ آپ کے خادموں میں سے کسی اور کو یاد تھا۔ مگر حضرت اقدس نے بخاری شریف کا نسخہ منگایا اور اس کی ورق گردانی شروع کر دی اور جلد جلد اس کا ایک ایک ورق الٹنے لگے اور آخر ایک جگہ پہنچ کر آپ ٹھہر گئے اور فرمایا۔ لو یہ دیکھ لو۔ دیکھنے والے سب حیران تھے کہ یہ کیا ماجرا ہے کسی نے حضرت مسیح موعود سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ جب میں نے کتاب ہاتھ میں لے کر ورق الٹانے شروع کئے تو مجھے کتاب کے صفحات ایسے نظر آتے تھے کہ گویا وہ خالی ہیں اور ان پر کچھ نہیں لکھا۔ اس لئے میں ان کو جلد جلد الٹاتا گیا آخر مجھے ایک صفحہ ملا جس پر کچھ لکھا ہوا تھا۔ اور مجھے یقین ہو گیا کہ یہ وہی حوالہ ہے جس کی مجھے ضرورت ہے گویا اللہ تعالیٰ نے ایسا معجزانہ تصرف فرمایا کہ اس جگہ کے سوا جہاں حوالہ درج تھا باقی تمام اوراق آپ کو خالی نظر آئے۔

حضرت شیخ یعقوب عرفانی کا بیان ہے کہ یہ واقعہ لدھیانہ کا نہیں لاہور کا ہے ایک صاحب کلانوری سے حضرت مسیح موعود کی محدثیت اور نبوت پر بحث ہوئی تھی۔ حضرت مسیح موعود نے محدثیت کی حقیقت بیان کرتے ہوئے بخاری کی ایک حدیث کا حوالہ دیا۔ تو فریق مخالف نے حوالہ کا مطالبہ کیا بلکہ بخاری خود بھیج دی۔ مولوی محمد احسن صاحب امروہی نے حوالہ نکالنے کی کوشش کی مگر نہ نکلا۔ آخر حضرت مسیح موعود نے خدائی تصرف کے نتیجہ میں خود نکال کر پیش فرما دیا جسے دیکھ کر فریق مخالف پر ایک موت وارد ہو گئی اور مباحثہ ختم کر دیا۔ یہ واقعہ خواہ لدھیانہ میں ہوا ہو یا لاہور میں بہر کیف دونوں جگہ یہ ایک نشان تھا۔ جو خدا تعالیٰ کا اپنے بندے کے لئے ظاہر ہوا۔

(تاریخ احمدیت جلد اول ص 408)

چار سُو پھیلے ہیں فطرت کے رموز

رنگ برساتے نظاروں کو سمجھ
دھوپ، سورج، چاند تاروں کو سمجھ

ہر طرف پھیلے ہوئے اسرار دیکھ
اس جہاں کے استعاروں کو سمجھ

وقت کے بدلے ہوئے تیور بھی دیکھ
آسماں کے سب اشاروں کو سمجھ

کون مہکاتا ہے خوشبو کے گلاب
موسمِ گل کی بہاروں کو سمجھ

کیوں سجی ہے رونقِ بزمِ جہاں
سب صحیفوں اور سپاروں کو سمجھ

چار سُو پھیلے ہیں فطرت کے رموز
کوہساروں، سبزہ زاروں کو سمجھ

دیکھنا ہے گر تمہیں اپنا وجود
حسرتوں کی یادگاروں کو سمجھ

عبدالصمد قریشی

اعلان داخلہ

خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورسز کا اجراء یکم جون سے کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہش مند خواتین و حضرات اپنی رجسٹریشن 20 مئی تک مندرجہ ذیل ای میل پر کروالیں۔

ewanmahmood@brain.net.pk

ای میل میں اپنا نام۔ ایڈریس۔ فون نمبر اور تعلیمی قابلیت ضرور لکھیں۔

1۔ Auto Cad

دورانیہ 2ماہ فیس کورس-/3000 روپے

نوٹ: ترجیحاً ایف۔ ایس۔ سی پری انجینئرنگ کے طلباء

2۔ Linux (Configration & Administration)

دورانیہ 2ماہ فیس کورس-/3000 روپے

نوٹ: امیدوار کمپیوٹر کا ابتدائی علم رکھتے ہوں۔

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ خدام الاحمدیہ پاکستان)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

مشرقی افریقہ میں اشاعت احمدیت کی ابتدائی تاریخ

شروع 1896ء کا واقعہ ہے کہ حضرت مسیح موعود کے دو رفقاء حضرت منشی محمد افضل صاحب اور حضرت میاں عبداللہ صاحب یوگنڈا ریلوے میں بھرتی ہو کر کینیا کالونی کی بندرگاہ ممباسہ میں پہنچے۔ یہ سب سے پہلے احمدی تھے جنہوں نے مشرقی افریقہ کے ساحل پر قدم رکھا۔ اسی سال تھوڑے تھوڑے وقفہ سے حضرت ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خاں صاحب گوڑیانوی (ملٹری میں) شیخ محمد بخش صاحب ساکن کڑیانوالہ ضلع گجرات (بعہدہ ہیڈ جمعداری) حضرت شیخ نور احمد صاحب جالندھری اور حضرت شیخ حامد علی صاحب ساکن تھہ غلام نبی متصل قادیان۔ حضرت حافظ محمد اسحٰق صاحب اور ان کے بھائی میاں قطب الدین صاحب ساکن بھیرہ بھی یوگنڈا ریلوے کے ملازم کی حیثیت سے وارد ممباسہ ہوئے۔ اور مشرقی افریقہ میں پہلی احمدیہ جماعت کی داغ بیل پڑی۔

1896ء میں تشریف لے جانے والے رفقاء میں سے حضرت حافظ محمد اسحٰق صاحب اور شیخ حامد علی صاحب کو آب و ہوا کی ناموافقت یا بعض دوسرے ضروری اور نجی امور کی وجہ سے جلد واپس آنا پڑا۔ لیکن ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان صاحب گوڑیانوی تین سال تک ملٹری میں رہے۔ اور بڑی متانت اور حکمت کے ساتھ اپنے حلقہ میں احمدیت کی اشاعت کرتے رہے۔ فوج کے اکثر .... نے ڈاکٹر صاحب سے قرآن مجید پڑھا اور اپنا دینی علم بڑھایا بعضوں کو حضرت مسیح موعود کی صداقت کی خوابیں آئیں اور وہ بیعت سے مشرف ہوئے۔ جن میں سے بابو عمر الدین صاحب بھی تھے جنہوں نے اکتوبر 1900ء میں کلنڈینی میں انتقال کیا۔ حضرت ڈاکٹر صاحب کے فیض صحبت سے ان کے ساتھ کام کرنے والے پانچ ڈاکٹروں کو بھی شناخت حق کی توفیق ملی۔ اس ضمن میں اخبار الحکم 29/اکتوبر 1898ء میں مندرجہ ذیل خط درج ہے۔

یہاں ممباسہ اور مشرقی افریقہ کے گردونواح میں ایک شخص مبارک نامی بگڑا ہوا باغی سردار تھا یہ شخص سلطان زنجبار کے مشیروں میں سے تھا۔ مگر جب سلطان نے سلطنت برطانیہ سے کچھ عہد و پیمان کر کے جزیرہ ممباسہ جس میں بیٹھے ہم مضمون لکھ رہے ہیں کچھ عرصہ کے لئے انتظام ملکی وغیرہ کی خاطر صاحبان انگریزی کو دے دیا۔ تو یہ شخص مبارک سلطان کا سخت دشمن ہو گیا اور ہر طرح اور ہر طرف سے سلطان زنجبار کو تنگ کرنا شروع کر دیا۔ .... اس کے ہوتے ہوئے صاحبان انگریز کس طرح چین سے اس جزیرے میں نڈر بیٹھ سکتے تھے۔ .... اسی کی سرکوبی کے لئے (ایک فوجی کمپنی) یہاں آئی تھی .... یہ فوج اس شخص مبارک سے .... جنگلوں میں لڑی اور آخر کار .... ایک ایسے جنگل میں جا پڑی جہاں پانی کا نشان نہ ملتا تھا اور پانی کے نہ ملنے کی وجہ سے اس پر سخت مصیبت طاری ہوئی مگر اسی اثناء میں انہیں ایک باغیچہ ناریل کا مل گیا۔ جس سے انہوں نے اپنی برلب جانوں کو بچا لیا۔ مبارک ان کے مقابلہ کی تاب نہ لا سکا۔ اور آخر کار جنگلوں میں بھاگ کر اپنے کئے کی پاداش بھوگ رہا ہے۔

اس فوج میں علاوہ سپاہیوں کے 6 ہاسپٹل اسسٹنٹ تھے۔ جس میں سے ایک ہمارے حضرت اقدس مرزا غلام احمد صاحب قادیانی ایدہ اللہ بنصرہ کے مخلص مرید ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان صاحب ساکن گوڑیانوی تھے اور دوسرے پانچ صاحبان اول اول عدم واقفیت کی وجہ سے ہمارے مشن کی مخالفت کرتے رہے۔ مگر آخر کار اللہ تعالیٰ نے ان کے سینوں کو حق کی شناخت کے لئے کھولا اور ہر ایک نے نیاز نامہ حضرت اقدس کی خدمت میں مخلصانہ روانہ کیا۔

اس کامیابی پر فوج کے بعض افسروں نے یہ الزام لگایا کہ ڈاکٹر صاحب گورنمنٹ برطانیہ کے خلاف اشتعال پھیلا رہے ہیں مگر جب اس کی رپورٹ کپتان تک گئی تو یہ بات غلط نکلی۔ حضرت ڈاکٹر صاحب کو مضافات ممباسہ کے علاوہ مشرقی افریقہ کے دوسری بندرگاہوں پر بھی جانا پڑا۔ اور انہوں نے ہر جگہ سلسلہ احمدیہ کی اشاعت کی۔

حضرت ڈاکٹر صاحب تین سال کے بعد اپنے وطن تشریف لے آئے۔ مگر حضرت منشی محمد افضل صاحب اور حضرت شیخ نور احمد صاحب برابر پانچ برس تک مخالفت کے باوجود اشاعت احمدیت میں مصروف رہے ان بزرگوں کے ذریعہ سے جو لوگ حلقہ بگوش احمدیت ہوئے ان میں سب سے نمایاں اور ممتاز فرد حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب (آف رنمل ضلع گجرات) تھے۔ جنہوں نے قبول حق کے بعد اپنے اندر مثالی تبدیلی پیدا کی۔ احمدی ہونے کے بعد ان کی بہت مخالفت ہوئی مگر ان کے نیک نمونہ نے نہ صرف اپنے حقیقی بھائی حضرت علامہ حافظ روشن علی صاحب اور حضرت پیر برکت علی صاحب کو سلسلہ احمدیہ سے منسلک کر دیا۔ بلکہ سیٹھ فتح دین صاحب جہلمی، ڈاکٹر سلطان علی صاحب اور ڈاکٹر عبداللہ صاحب (احمدی) آف گجرات اور کئی اور احباب آپ کے اثر سے حلقہ بگوش احمدیت ہو گئے۔ اور پھر ان کے ذریعہ سے احمدیت کا نور پھیلنا شروع ہوا۔ چنانچہ ڈاکٹر عبداللہ صاحب (احمدی) کی دعوت سے میرو (Meru) میں جو نیروبی سے دو سومیل کے فاصلہ پر ایک گاؤں ہے قاسم منگیا نامی ایک میمن اپنے خاندان سمیت داخل سلسلہ ہوئے پھر رفتہ رفتہ یہاں مخلصین کی ایک جماعت پیدا ہو گئی جن میں سیٹھ عثمان یعقوب صاحب اور ان کے بڑے بھائی حاجی ایوب صاحب اور سیٹھ نور احمد صاحب، حاجی ابراہیم صاحب اور حاجی ایوب صاحب خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب ممباسہ کے کلنڈینی (Kilindini) ہسپتال میں کام کرتے تھے۔ یہ ہسپتال ان دنوں مشرقی افریقہ میں اشاعت احمدیت کا ایک مرکز بن گیا تھا جہاں جماعت کے باقاعدہ ہفتہ وار اجلاس ہوتے تھے۔ قرآن مجید اور کتب حضرت مسیح موعود کا درس دیا جاتا اور اختلافی مسائل پر تقاریر کی جاتیں۔

حضرت ڈاکٹر رحمت علی صاحب 1901ء کے شروع میں واپس ہندوستان تشریف لائے اور پھر سومالی لینڈ گئے۔ جہاں آپ فوجی خدمات بجا لا رہے تھے کہ اٹھائیس برس کی عمر میں شہید کر دیئے گئے۔

خلاصہ یہ کہ مشرقی افریقہ میں تشریف لے جانے والے رفقاء کی دعوت الی اللہ سے احمدیت ترقی کرنے لگی اور پانچ سال کے عرصہ میں 1896ء سے لے کر 1901ء تک احمدیوں کی تعداد پچاس سے زیادہ ہو گئی جن کی فہرست الحکم 10/اپریل 1901ء صفحہ 14 میں شائع شدہ ہے اور وہ یہ ہے:۔

بیعت کنندگان جنہوں نے افریقہ میں بیعت کی

1۔ ڈاکٹر رحمت علی صاحب ضلع گجرات
2۔ ٹھیکیدار محمد ابراہیم صاحب پسرور
3۔ فرزند علی صاحب سوداگر
4۔ سیٹھ احمد دین صاحب جہلم
5۔ میاں جواہر صاحب زرگر جہلم
6۔ میاں اللہ دتہ صاحب زرگر جہلم
7۔ محمد عالم صاحب کلرک سٹور جہلم
8۔ میاں بھولا صاحب
9۔ نبی بخش صاحب مستری جادہ۔ جہلم
10۔ غلام محمد صاحب ٹھیکیدار۔ جہلم
11۔ حافظ محمد صاحب ٹھیکیدار۔ جہلم
12۔ محمد حفیظ صاحب ٹھیکیدار۔ جہلم
13۔ سید محمد صاحب کلرک سٹور
14۔ بابو غلام غوث شاہ صاحب ویٹرنری اسسٹنٹ یوگنڈا ریلوے۔
15۔ بابو محمد عبدالقادر صاحب اسٹیشن ماسٹر
16۔ منشی امیر خان صاحب ہسپتال ریلوے۔
17۔ بابو محمد الدین صاحب مرحوم ویٹرنری اسسٹنٹ از جالندھر
18۔ بابو مولا بخش صاحب ویٹرنری اسسٹنٹ از جالندھر
19۔ بابو سلطان علی شاہ صاحب کمپونڈر
20۔ بابو احمد دین صاحب کمپونڈر
21۔ خواجہ احمد صاحب داروغہ ضلع گجرات
22۔ غلام قادر صاحب ڈریسر۔ گجرات
23۔ فتح دین صاحب جمعدار گجرات
24۔ عظیم شاہ صاحب باورچی ہسپتال
25۔ منشی علی محمد صاحب
26۔ محمد اسمٰعیل صاحب ساکن کڑیانوالہ گجرات
27۔ برکت علی صاحب نوشاہی گجرات
28۔ دولت علی صاحب نوشاہی گجرات
29۔ عبداللہ صاحب کمپونڈر گجرات
30۔ بابو غلام نبی صاحب اوورسیر ہوشیارپور
31۔ رحیم بخش صاحب مستری گجرات
32۔ عبدالعزیز صاحب جمعدار گجرات
33۔ جان محمد صاحب ڈریسر گجرات
34۔ مولوی فضل الرحمٰن صاحب کمپونڈر گجرات
35۔ نادر خاں صاحب ڈپٹی انسپکٹر
36۔ بابو علی اظفر صاحب کمپونڈر امرتسر
37۔ بابو مظہر علی صاحب کلرک امرتسر
38۔ بابو فیض علی صاحب کمپونڈر امرتسر
39۔ سید کرم حسین صاحب کلرک ساکن لاہور بھونڈ پورہ
40۔ علی احمد شاہ صاحب لاہور
41۔ غلام حیدر صاحب سوداگر لاہور
42۔ غلام علی صاحب گھڑی ساز لاہور
43۔ بابو اللہ داد خان صاحب گارڈ۔ لاہور
44۔ بابو محمد عالم صاحب سگنلر لاہور
45۔ مستری کریم بخش صاحب ٹھیکیدار لاہور
46۔ عالم شیر صاحب سپاہی گنجٹ
47۔ عظیم خاں صاحب دفتر یوگنڈا ریلوے دہلی
48۔ حسن دین صاحب فائر مین لاہور

جو ہندوستان میں بیعت کر کے افریقہ گئے

1۔ محمد افضل صاحب ٹھیکیدار۔ لاہور
2۔ محمد بخش صاحب ٹھیکیدار کڑیانوالہ
3۔ ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان صاحب گوڑیانی
4۔ شیخ نور احمد صاحب ٹائم کیپر حال کلرک ہسپتال جالندھر
5۔ شیخ حامد علی صاحب جمعدار قادیان

6۔ برادر حامد علی صاحب جمعدار قادیان
7۔ حافظ محمد اسحاق صاحب اوورسیر بھیرہ
8۔ قطب الدین صاحب مستری بھیرہ
9۔ بابو نبی بخش صاحب کلرک اکاؤنٹنٹ آفس لاہور
10۔ بابو عبدالرحمٰن صاحب کلرک لوکو آفس لاہور
11۔ چوہدری محمد اسمٰعیل صاحب جمعدار جھانزاوالہ سیالکوٹ
12۔ غلام محمد صاحب کمپونڈر۔ جالندھر

1901ء کے بعد بھی ہندوستان سے رفقاء کے جانے اور افریقہ میں بھی بیعت کرنے والوں کا سلسلہ جاری رہا۔ چنانچہ حضرت سید غلام حسن صاحب اور بھائی نظام الدین صاحب جہلمی اور حضرت مولوی فخر الدین صاحب گھوگھیاٹ اسی زمانہ میں افریقہ تشریف لے گئے اور پیغام حق پہنچاتے رہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک میں بیرونی ممالک کے لحاظ سے مشرقی افریقہ کی احمدیہ جماعت سب سے پہلی اور سب سے بڑی جماعت تھی جس نے شروع ہی سے سلسلہ کی مالی قربانیوں میں ہمیشہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔

چنانچہ حضرت بابو محمد افضل صاحب نے ”الحکم“ 10/اپریل 1901ء میں لکھا:۔

”آج تک تخمیناً چھ ہزار سے زیادہ روپیہ افریقہ کی جماعت سے اشاعت سلسلہ محکمہ تعلیم عمارات و فنڈ مساکین وغیرہ میں مختلف طور پر قادیان کی طرف روانہ کیا جا چکا ہے اس میں وہ اخراجات شامل نہیں ہیں جو کہ خاص افریقہ میں اشاعت سلسلہ کے متعلق کئے گئے ہیں۔ افسوس ہے کہ کوئی باقاعدہ رجسٹر نہیں رکھا گیا جس میں پورے طور پر تعداد روپیہ اور دیگر کارروائی سلسلہ کی رکھی جاتی مگر انشاء اللہ آئندہ اس کا پورا پورا انتظام کیا جائے گا۔

اس مذکورہ بالا رقم میں بھاری بھاری رقمیں ڈاکٹر محمد اسمٰعیل خان صاحب، ڈاکٹر رحمت علی صاحب، سیٹھ احمد الدین صاحب اور محمد ابراہیم و محمد افضل ٹھیکیداران کی ہیں۔ جناب بابو نور احمد صاحب نے باوجود جمعداری کے عہدہ پر ہونے کے اور 30 روپے تنخواہ پانے کے اپنی تین سالہ ملازمت میں چار سو روپیہ روانہ کیا۔

اور ایک صاحب میاں مصاحب دین کمپونڈر نے جو کہ ابھی تک اگرچہ جماعت احمدیہ میں شامل نہیں ہوئے اور صرف حسن ظن رکھتے ہیں اور جو کہ اپنی تین سالہ ملازمت کا بقیہ اندوختہ لے کر ہندوستان رخصت پر اپنے گھر جانے والے تھے۔ ایک دفعہ صرف یہ خبر سن کر کہ حضرت مرزا صاحب کو خدمت دین کے لئے روپیہ کی سخت ضرورت ہے بڑی عالی ہمتی اور دریا دلی سے اپنی رخصت کو منسوخ کرا دیا اور کل اندوختہ روپیہ دینی خدمت کے لئے چندہ میں دے دیا۔“

خلافت ثانیہ کے ابتدائی سالوں میں کینیا کالونی کے علاقہ میں ہندوستانی احمدیوں کی آمد کا سلسلہ زور پکڑ گیا۔ اور دعوت الی اللہ کا دائرہ بھی وسیع سے وسیع تر ہونے لگا۔ چنانچہ میگاڈی (Magadi) میں حضرت ڈاکٹر بدرالدین احمد صاحب عرصہ تک دیوانہ وار دعوت الی اللہ میں مصروف رہے اور نیروبی میں حضرت سید معراج الدین صاحب، حضرت ڈاکٹر عمر الدین صاحب، مولانا عبدالواحد صاحب جہلمی۔ حضرت بھائی دوست محمد صاحب جہلمی۔ قاضی عبدالسلام صاحب بھٹی، حضرت سید محمود اللہ شاہ صاحب، سید عبدالرزاق شاہ صاحب، محمد اکرم خان صاحب غوری، چوہدری نثار احمد صاحب، شیخ غلام فرید صاحب، بھائی عبدالرحیم صاحب ٹیلر ماسٹر۔ بھائی شیر محمد صاحب بٹ، ملک احمد حسین صاحب، سید یوسف شاہ صاحب عبدالعزیز صاحب جہلمی، چوہدری محمد شریف صاحب بی۔ اے اور دوسرے مخلصین کے وجود سے جماعت احمدیہ کو بہت تقویت ملی۔ اسی طرح ڈاکٹر سید ولایت شاہ صاحب کٹوئی (Kitui) میں عمر حیات خاں صاحب کسومو میں اور بھائی اکبر علی صاحب اور بابو محمد عالم صاحب ممباسہ میں پیغام حق پہنچاتے رہے۔

یوگنڈا میں پیغام احمدیت خلافت اولیٰ کے آخری سال یا خلافت ثانیہ کے آغاز میں پہنچا جبکہ سب سے پہلے ڈاکٹر فضل الدین صاحب وہاں پہنچے آپ کے بعد آپ کے بھائی ڈاکٹر احمد دین صاحب اور ڈاکٹر لعل دین صاحب نیز بھائی محمد حسین صاحب کھوکھر اور بابو نذیر احمد صاحب ڈار بھی تشریف لے گئے۔ اور اس طرح ایشیائی احمدیوں کی ایک جماعت کا وہاں قیام ہو گیا۔

ٹانگانیکا بہت دیر کے بعد احمدیت سے روشناس ہوا۔ اگرچہ ہندوستانی احمدیوں کی مختصر سی جماعت شروع میں اس علاقہ کے مختلف مقامات پر پھیلی ہوئی تھی۔ مگر کوئی باقاعدہ نظام نہیں تھا۔ آخر بابو محمد یوسف صاحب پوسٹ ماسٹر اور بعض دوسرے احمدیوں کی کوشش اور ہمت سے ٹانگانیکا کے دارالحکومت دارالسلام میں باقاعدہ جماعت قائم ہوئی اور خاص طور پر میاں محمد بخش صاحب (ریلوے ڈرائیور) بابو محمد ایوب صاحب بابو محمد جمیل صاحب، ڈاکٹر حبیب اللہ خان صاحب، ڈاکٹر احمد دین صاحب اور فضل کریم صاحب لون جیسے مخلص احمدیوں کی مالی قربانیوں اور کوششوں سے اس جماعت نے بڑا نام پیدا کیا۔ ٹانگانیکا میں دوسرا مقام جہاں ہندوستانی احمدیوں کی ایک پرجوش جماعت قائم ہوئی ٹبورا تھا۔ یہ جماعت اپنے اخلاص و محبت اور مساعی میں بہت آگے نکل گئی اور بہت جلد نیروبی، میرو، ممباسہ، کسومو اور کمپالہ کے دوش بدوش خدمات سلسلہ بجالانے لگی۔

(تاریخ احمدیت جلد 7 ص 257 تا 263)

(بقیہ صفحہ 6)

C.T.Scan کے لئے فیصل آباد لے کر جا رہے تھے کہ راستہ میں ہی اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ مورخہ 27/دسمبر 2004ء کو بیت المبارک میں عصر کے بعد نماز جنازہ محترم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد آپ نے ہی دعا کروائی۔ محترم اباجی کے بلندی درجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

دعائیں کرتے رہو

شمار رحمت پروردگار کر دیکھو
اگر ہے بس میں تو یہ کاروبار کر دیکھو
جو بارشیں ہوئیں تم پر نزول رحمت کی
جو کر سکو تو انہیں بھی شمار کر دیکھو
تمہارا دشمن جانی بنا ہے کبر و غرور
تم انکساری سے اس کو شکار کر دیکھو
نجات پاؤ گے آلائشوں سے دنیا کی
تم اپنے نفس کو خود سنگسار کر دیکھو
تمہاری گھات میں بیٹھا ہوا ہے اک ابلیس
بزور تقویٰ اسے بھی شکار کر دیکھو
خفیف سا بھی عمل طاقت بشر میں نہیں
خدا کی قدرتوں پر انحصار کر دیکھو
خدا سے بندوں کا رشتہ انوکھی بات نہیں
تم عاجزی سے اسے استوار کر دیکھو
یہیں تو جلوہ دکھاتا ہے قادر مطلق
دلوں سے میل دوئی کا اتار کر دیکھو
جو چاہتے ہو ملے تم کو جنت الفردوس
نگار زیست کی زلفیں سنوار کر دیکھو
پسند خاطر مولا ہے گریہ و زاری
تم اپنی آنکھوں کو بھی اشکبار کر دیکھو
لگاؤ سینے سے رنج والم کو خود بڑھ کر
کسی کے درد کو دل میں اتار کر دیکھو
بہاؤ اشک لگاتار اپنی آنکھوں سے
جو غم ہے دل میں اسے آشکار کر دیکھو
خدا تو دیکھ رہا ہے تمہاری بے چینی
عمل دعاؤں پہ تم بار بار کر دیکھو
خدا کے فضل کی تاخیر سے نہ گھبراؤ
تم اس کے رحم کا کچھ انتظار کر دیکھو
دعائیں مانگ رہے ہیں جو بندۂ عاجز
وہ رنگ لائیں گی کچھ دن گزار کر دیکھو
عزیزو! تم سے یہ درخواست کر رہا ہے سلیمؔ
دعائیں کرتے رہو، انتظار کر دیکھو

سلیمؔ شاہجہانپوری

مقبول احمد صدیقی صاحب

سورۃ فاتحہ کی عظمت اور برکات

قرآن کریم سب سے افضل، جامع اور کامل ترین الہامی کتاب ہے اس کا پڑھنا نہایت درجہ ثواب کا باعث ہے اگرچہ قرآن کریم کی تمام سورتیں ہی اپنے اپنے مضامین کے لحاظ سے جامعیت اور کاملیت سے لبریز ہیں تاہم ہمارے پیارے خدا نے اپنے بندوں پر احسان کرتے ہوئے ایک ایسی سورۃ بھی نازل فرمائی جس میں سارے قرآن کا خلاصہ بیان فرما دیا اور اس سورۃ کو ام القرآن (یعنی قرآن کی ماں) کا درجہ دیا پس یہ ام القرآن سارے قرآن کا خلاصہ ہے بالفاظ دیگر سارا قرآن اسی سورۃ کی تشریح اور تفصیل ہے جیسا کہ ایک جگہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے فرمایا

میرا اعتقاد ہے کہ تمام قرآن سورۃ الحمد کی تفسیر ہے۔ (خطبات نور صفحہ 414)

اس سورۃ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں سب سے پہلے رکھا اور اس کا نام فاتحہ (یعنی کھولنے والی) رکھا، اس میں یہی حکمت تھی کہ یہی سورۃ قرآن کا دیباچہ اور اس کا متن ہے اور قرآنی مضامین کو کھولنے والی ہے نیز اس سورۃ کا تعلق ہر سورۃ سے ہے اور اس کی دلیل یہ بھی ہے کہ نماز میں ہر سورۃ سے پہلے اس کی تلاوت کرنا فرض ہے رمضان کی نماز تراویح میں اگرچہ حافظ قرآن ہر روز ایک پارہ پڑھ کر آگے بڑھتا چلا جاتا ہے مگر وہاں بھی روزانہ ہر رکعت میں کسی بھی حصہ قرآن پڑھنے سے پہلے سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی جاتی ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سورۃ کو اس کی عظمت کے لحاظ سے کئی نام دیئے ہیں اور ان ناموں سے اس سورۃ کے وسیع مطالب پر روشنی پڑتی ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے ام القرآن، ام الکتاب اور پھر اسے ہی قرآن عظیم جیسا عظیم نام بھی عطا کر دیا پھر اس کا ایک نام السبع المثانی بھی ہے جو قرآن میں بھی آیا ہے (الحجر: 88)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

"وہ السبع المثانی ہے یعنی گو صرف سات آیتیں اس میں ہیں لیکن ہر ضرورت ان سے پوری ہو جاتی ہے روحانیت کا کوئی سوال ہو کسی نہ کسی آیت سے اس پر روشنی پائی جائے گی۔ (تفسیر کبیر جلد اول ص4)

پھر اس کا ایک نام الکنز بھی ہے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

"وہ کنز بھی ہے کہ علوم وفنون کے اس میں دریا بہتے ہیں اردو میں دریا کوزے میں بند کرنے کا ایک محاورہ ہے اس کا صحیح مفہوم شاید سورۃ فاتحہ کے سوا اور کسی چیز سے ادا نہیں ہو سکتا بلکہ اس سورۃ کے بارہ میں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ سمندر کوزہ میں بند کر دیا گیا ہے"۔
(تفسیر کبیر جلد اول صفحہ 4)

پھر اس کا ایک نام حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے الصلوٰۃ بھی رکھا ہے یعنی کامل دعا اس میں سکھائی گئی ہے اور یہ دعا ایسے مطالب پر مشتمل ہے کہ اس سے پہلے کسی الہامی کتاب میں ایسی دعا نہیں سکھائی گئی۔ نہ کوئی انسانی دماغ تجویز کر سکتا ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی چار بنیادی صفات نہایت خوبصورتی اور جامعیت سے بیان کی گئی ہیں اور پھر ایسے خدا کو سامنے دیکھتے ہوئے اس سے انتہائی تذلل اور عاجزی سے ایسی کامل دعا مانگی گئی ہے کہ وہ انسان کے جسم اور روح کا کوئی حصہ نہیں چھوڑتی اور اس کو سارے کا سارا رحمت الٰہی کے نیچے لے آتی ہے۔

حدیث کی کتاب صحیح مسلم میں درج ہے کہ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بذریعہ وحی یہ اطلاع دی گئی کہ ایک کامل دعا ہے جو اس سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں کی گئی وہ فاتحہ اور سورۃ بقرہ کی آخری آیات ہیں جو بھی ان دعاؤں کے ذریعہ خدا سے مانگتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ ایک اور حدیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"اللہ تعالیٰ نے جو احسان فرما کر مجھے انعام دیئے ہیں ان میں سے ایک فاتحۃ الکتاب بھی ہے۔
(تفسیر فتح البیان ص 19)

خدا کی حمد وثناء کا اظہار

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ سب سے پہلے دعا میں اپنے رب کی حمد وثناء کرنی چاہئے۔ (ابو داؤد کتاب الصلوۃ باب الدعا)

خدا تعالیٰ کی حمد وثناء اس کی صفات بیان کر کے ہی کی جا سکتی ہے اور یہ صفات بے شمار ہیں لیکن جس طرح سارے قرآن کریم کا خلاصہ سورۃ فاتحہ ہے اسی طرح تمام صفات الٰہیہ کا خلاصہ اور بنیاد چار صفات رب، رحمٰن، رحیم اور مالک ہیں اور یہی صفات سورۃ فاتحہ میں بیان ہوئی ہیں۔

پس ثابت ہوا کہ صفات الٰہیہ کا سب سے خوبصورت اور جامع اظہار سورۃ فاتحہ کا پڑھنا ہے پس ہر دعا میں سب سے پہلے سورۃ فاتحہ پڑھنا حمد وثناء کا سب سے عمدہ اظہار ہے، ویسے بھی یہ قرآنی دعا اور کلام اللہ ہے پس اس کے پڑھنے سے قرآن پڑھنے کی برکت اور ثواب بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ سورۃ فاتحہ سب سے پہلے پڑھنی چاہئے اس کی برکت کیا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

جو شخص سورۃ فاتحہ اور درود شریف پڑھ کر کوئی بھی دعا کرتا ہے اس کی دعا ضرور شرف قبول پا جاتی ہے۔

حضرت مسیح موعود کا عمل بھی یہی تھا حضرت مفتی محمد صادق صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود دعا میں سب سے پہلے سورۃ فاتحہ ضرور پڑھتے تھے۔

سب سے بہترین دعائے شفا

جسمانی امراض میں مبتلا افراد کے لئے سورۃ فاتحہ بہترین دعائے شفا ہے، صحت کے حصول کے لئے یہ دعا جامعیت سے لبریز ہے کیونکہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام صرف "شفا" ہی نہیں رکھا بلکہ "رقیہ" یعنی دم کرنے والی بھی رکھا۔ پھر یہ دعا کسی ایک مرض پر ہی حاوی نہیں بلکہ آنحضور ﷺ نے فرمایا۔

سورۃ فاتحہ ہر بیماری سے شفا دیتی ہے (دارمی) بیہقی فی شعب الایمان میں یہی روایت ہے لیکن وہاں ہر بیماری کی بجائے "ہر زہر کا علاج ہے" لکھا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

علاج اگر ہو رہا ہو تو ساتھ سورۃ فاتحہ کا دم بھی کر دیا جائے تو اس سے مزید برکت ضرور پڑتی ہے اور اگر علاج میسر ہی نہ ہو تو پھر تو دم کے بغیر چارہ ہی کوئی نہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ ہمارا تجربہ ہے کہ سورۃ فاتحہ کا دم کرنا یا سورۃ فاتحہ کا اس نیت سے پڑھنا خصوصاً شفا کی غرض سے یہ بہت ہی مفید ہے اور حیرت انگیز کام کرتا ہے دم کے واقعات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں بھی ہیں دم کے واقعات حضرت مسیح موعود کے زمانے کے بھی ہیں لیکن وہ دم پیروں فقیروں والا نہیں ہے کہ جو مرضی کچھ لکھ دیا اور گلے میں تعویذ لٹکا لیا بلکہ اصل دم سورۃ فاتحہ کی دعا ہے کیونکہ سورۃ فاتحہ کا ایک نام شفا بھی ہے۔ (الفضل 8 فروری 2002ء)

ایک اور جگہ تعویذ گنڈے اور دم کے ذکر میں آپ فرماتے ہیں۔

آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں ایسا ہرگز کوئی معاشرہ نہیں تھا دعا ہی کا معاشرہ تھا اور جس دم کی بات کرتے ہیں۔ اس میں سورۃ فاتحہ بطور دعا استعمال ہوتی ہے اور وہ اب بھی اسی طرح جائز ہے فاتحہ کو دعا کے طور پر آپ چاہے پانی پر پڑھ کے دم کریں اور نفسیاتی لحاظ سے اس کو برکت کے لئے دے دیں اس حد تک تو کوئی حرج نہیں۔ (الفضل 4 دسمبر 2002ء)

شفا پانے کے چند واقعات

اب سورۃ فاتحہ سے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "شفا" قرار دیا ہے شفا پانے کے چند واقعات درج کیے جاتے ہیں۔

زمانہ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں ایک شخص نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ کسی کو سانپ نے ڈس لیا تھا میں نے اس پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تھا اور اسے شفا ہو گئی اس پر آپؐ نے فرمایا کہ تم کو کس طرح معلوم ہوا کہ یہ "دم کرنے والی" سورۃ ہے۔
(بخاری فضائل القرآن باب فاتحۃ الکتاب)

پس سب سے عظیم روحانی طبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسے دم کرنے والی سورۃ کہہ کر اسے شفا بخش قرار دے دیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

"ابن القیم نے لکھا ہے کہ جب میں مکہ معظمہ میں تھا اور طبیب کی تلاش میرے واسطے مشکل تھی تو میں اکثر الحمد کے ذریعے اپنی بیماریوں کا علاج کر لیا کرتا تھا ابن القیم کا میں بہ سبب اس کے علم کے معتقد ہوں اور اسے ایسا آدمی جانتا ہوں جو لاکھوں میں ایک ہوتا ہے۔
(حقائق الفرقان جلد اول ص 8)

حضرت حکیم حافظ نورالدین خلیفۃ المسیح الاول اپنے زمانے کے بہت جید اور حاذق طبیب تھے آپ فرماتے ہیں۔

میرا اپنا بھی تجربہ ہے کہ میں نے بہت سے بیماروں پر الحمد کو پڑھا اور انہیں شفا ہوئی۔
(ضمیمہ اخبار بدر قادیان 4 فروری 1909ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

"اصل دم سورۃ فاتحہ کی دعا ہے کیونکہ سورۃ فاتحہ کا ایک نام شفا بھی ہے مجھے اپنا ایک واقعہ یاد ہے اس زمانے میں غیر احمدی بہت آیا کرتے تھے پشاور کی (۔) میں سوال وجواب کی مجلس کے لئے کافی رونق ہوا کرتی تھی تو (۔) بھری ہوئی تھی اور پہلے نماز ہوتی تھی پھر اس کے بعد سوال وجواب کی مجلس ہوتی تھی تو مجھے متلی اور سر درد شروع ہوئی مجھے اس زمانے میں میگرین ہوا کرتی تھی اور اتنی شدید تھی کہ میں بیان نہیں کر سکتا کتنی تکلیف تھی اور ساتھ متلی تھی تو میں نے دعا کی سورۃ فاتحہ کی کھڑے ہو کے اس نیت سے کہ میرے پاس تو اب کوئی دوائی نہیں ہے اس لئے شفا دے ورنہ یہ لوگ کیا سمجھیں گے کہ میں احمدیت کی خاطر تقریر کر رہا ہوں اور الٹی آ گئی ہے ان کے سامنے، بہت ہی بھیانک چیز ہو گی سجدے سے سر اٹھایا تو یاد ہی نہیں تھا کہ سر درد ہے آرام سے سر اٹھایا اچانک مجھے خیال آیا کہ مجھے تو سخت سر درد ہو رہی تھی کہاں سر درد کا نام ونشان بھی نہیں تھا کوئی متلی نہیں تھی کوئی سر درد نہیں اب کوئی اس کی ظاہری وجہ ہو ہی نہیں سکتی یہ ضرور سورۃ فاتحہ کی برکت سے ہوا تھا جو دعا کے طور پر پڑھی گئی۔،،
(الفضل 8 فروری 2002ء)

اگر علاج کارگر نہ ہو رہا ہو اور ڈاکٹرز مایوس کر دیں اور موت سامنے نظر آنے لگے، تب بھی دعا کا دامن نہیں چھوڑنا چاہئے بعض اوقات یہ دعا ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "شفا" کہا ہے معجزانہ شفا کر دیتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ توجہ، خلوص اور یقین کامل سے دعا کی جائے۔

حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب فرماتے ہیں۔

"ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب کا بیٹا بعمر چھ سات سال سخت بیمار ہو گیا، بہت توجہ سے علاج کیا گیا مگر ماہر ڈاکٹرز بھی مایوس ہو گئے حتیٰ کہ وقت نزع آ پہنچا اور ڈاکٹر صاحب اپنے بیٹے کے کفن دفن کا انتظام کرنے چلے گئے ڈاکٹر صاحب کی اہلیہ نے مجھے بڑے درد سے دعا کے لئے کہا۔

(باقی صفحہ 12 پر)

شریف احمد علوی صاحب

میرے والد محترم چوہدری غلام نبی علوی صاحب

میرے والد محترم چوہدری غلام نبی صاحب علوی 1908ء میں تحصیل گڑھ شنکر ضلع ہوشیار پور کے گاؤں بچھواں محلّہ علوی میں پیدا ہوئے۔ پڑھنے لکھنے کی عمر کو پہنچے تو انہیں قرآن کریم پڑھنے کے لئے گاؤں کے مولوی صاحب کے پاس بھیج دیا گیا ابھی چار پارے ہی پڑھے تھے کہ دادا جان نے چیچہ وطنی ضلع ساہیوال کے قریب زمین خرید لی۔ دادا جان نے ابا جی کو بھی چیچہ وطنی ساتھ لے جانے کا فیصلہ کرلیا۔ ابا جی نے اپنے استاد مولوی صاحب کو بتایا کہ وہ اب میاں جی (دادا جان) کے ساتھ چیچہ وطنی زمین آباد کرنے کے لئے جارہے ہیں۔ یہ سن کر مولوی صاحب افسردہ لہجے میں کہنے لگے ''غلام نبی! تمہارے میاں جی زمین آباد کرنے کی بیکار تکلیف کررہے ہیں۔ جلد ہی حضرت امام مہدی کا ظہور ہوجائے گا۔ وہ اتنے خزانے تقسیم کریں گے کہ لینے والا کوئی نہ ہوگا۔'' البتہ حضرت امام مہدی کے خزانے تقسیم کرنے والی بات ابا جی کے ذہن میں اچھی طرح نقش ہوگئی۔

چک 30 چیچہ وطنی نئی جگہ تھی گاؤں میں سکول بھی نہیں تھا۔ کچھ عرصہ بعد نزدیکی گاؤں میں ایک پرائمری سکول کھل گیا۔ ابا جی پرائمری سکول کے بچوں سے عمر میں بڑے تھے مگر تعلیم حاصل کرنے کا شوق تھا اس لئے سکول جانا شروع کردیا اور پرائمری کا امتحان پاس کرلیا۔ پرائمری کے بعد تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوگیا مگر تعلیم ادھوری رہنے کا قلق ان کے دل میں ضرور رہا۔ ابا جی کی ساری توجہ اب زمین آباد کرنے اور سدھارنے کی طرف تھی۔ چک نمبر 30 چیچہ وطنی ضلع ساہیوال میں ایک احمدی باجوہ خاندان (چوہدری نذیر احمد باجوہ سابق امیر ضلع ساہیوال) کا وسیع رقبہ تھا۔ ایک دن ایک احمدی دوست نے کہا کہ چوہدری غلام نبی صاحب پڑھے لکھے ہیں انہیں کوئی کتاب دیتے ہیں کہ فارغ وقت میں پڑھ لیا کریں گے۔ ابا جی دل میں بڑے خوش ہوئے کہ کوئی قصے کہانیوں کی کتاب ہوگی، وقت اچھا کٹ جائے گا۔

رات کو ابا جی نے لالٹین کی روشنی میں جب کتاب کشتی نوح پڑھنی شروع کی تو معلوم ہوا کہ یہ تو دنیا ہی اور طرح کی ہے۔ جوں جوں آپ کشتی نوح پڑھتے گئے آپ کا یقین اس بات پر پختہ ہوتا گیا کہ یہ کسی دنیا دار آدمی کی تحریر نہیں۔

پھر وہ بات بھی ذہن میں گردش کرنے لگ گئی کہ حضرت امام مہدی آکر لوگوں میں خزانے تقسیم کریں گے مگر لوگ لینے سے انکار کردیں گے۔ ایک دن ابا جی اپنی باری کے مطابق کھیتوں کو پانی لگانے گئے تو کھال میں پانی نہ تھا۔ تھوڑا آگے گئے تو ایک بڑے زمیندار کے ملازم نے پانی اپنے کھیتوں کو لگا رکھا تھا۔ ابا جی نے اس سے کہا کہ پانی کی باری اس وقت میری ہے۔ میں نے پانی لگانا ہے۔ ملازم نے بڑی رعونت سے جواب دیا چودھریوں کا آرڈر ہے پہلے اپنی فصل کو پانی لگانا ابا جی نے اسے نکّے سے پرے دھکیل کر پانی اپنی زمینوں کی طرف موڑ لیا۔ وہ ملازم غصے سے بولا تمہیں آدھے مربعے والوں کو پوچھتا ہی کون ہے۔ اس سے ابا جی کے دل پر سخت چوٹ لگی۔

آپ درج ذیل دعائیں تواتر سے مانگا کرتے۔

اے اللہ! اگر حضرت امام مہدی میری زندگی میں آجائیں تو مجھے انہیں قبول کرنے کی توفیق عطا کرنا اگر میرے بچے بیرون ملک جا کر بھی پڑھنا چاہیں تو یہ بوجھ میں اٹھا سکوں اور اے خدا! تیرے خزانے میں زمینوں کی کمی نہیں مجھے بھی اپنی جناب سے مناسب رقبہ عطا کردیجیو۔

1932ء کا زمانہ تھا۔ آپ کی عمر اس وقت قریباً 24 سال تھی۔ ایک دن آپ اپنے چھوٹے بھائی عطا محمد علوی صاحب کو جس کی عمر قریباً 17 سال تھی، ساتھ لے کر غلہ فروخت کرنے کے لئے اپنے گاؤں سے چیچہ وطنی غلہ منڈی آئے۔ یہاں آکر معلوم ہوا کہ احمدیوں کے ساتھ اپنے مولوی صاحبان کا مناظرہ ہو رہا ہے۔ بیل گاڑی کو منڈی میں چھوڑ کر یہ دونوں بھائی مناظرہ سننے کے لئے پہنچ گئے۔ مناظرہ کے بعد واپسی پر چچا عطا محمد نے ابا جی سے پوچھا کہ بھائی! مناظرہ سن کر آپ نے کیا اندازہ لگایا؟ ابا جی نے جواب دیا کہ ''سچی بات تو یہ ہے کہ احمدیوں کا مولوی دلیل سے اور تحمل سے بات کرتا تھا جبکہ دوسری طرف یہ حال نہ تھا پھر ابا جی نے چچا عطا محمد سے پوچھا کہ عطا محمد! تو کیا سمجھتا ہے؟ وہ کہنے لگے ''میں بھی آپ کی بات سے متفق ہوں''۔ گاؤں آکر ابا جی اس دوست سے ملے جس نے آپ کو کتاب کشتی نوح دی تھی اور اپنی بیعت کا خط لکھ دیا۔ چچا عطا محمد نے بھی بیعت کا خط لکھنے کے لئے کہا مگر ابا جی نے سمجھایا عطا محمد! تُو ابھی چھوٹا ہے۔ یہ بات بہت بڑی ہے اور مشکل بھی مگر وہ اپنی بات پر ڈٹے رہے اور انہوں نے بھی بیعت کے لئے خط لکھوا دیا۔ یہاں سے ان دو بھائیوں کے لئے سخت آزمائش کا دور شروع ہوگیا۔

ایک دن ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ ان دونوں بھائیوں کو زمینوں سے بے دخل کرکے خالی ہاتھ گھر سے نکال دیا جائے گا۔ ابا جی کے سسرال والوں نے (ابھی رخصتی نہ ہوئی تھی) رشتہ سے انکار کردیا۔ جس زمین کو آباد کرنے کے لئے لئے ابا جی نے تعلیم ادھوری چھوڑی ان زمینوں کے کھیت اور ان کا ہر خوشہ اجنبی بن چکا تھا۔ دن ڈھل چکا تھا ابا جی نے کھال کے پانی سے وضو کیا کھیت کے کنارے کھڑے کیکر کے نیچے کپڑا اچھا کر اپنے رب سے التجا کی کہ اے اللہ! میں مزدوری کرکے پیٹ پال لوں گا مگر مجھے احمدیت کی نعمت سے محروم نہ کرنا۔ اب دادا جی نے اپنے ان دو بیٹوں کو عاق کرنے کے لئے مشورہ شروع کردیا۔ اس صورت حال میں آپ نے چچا عطا محمد سے مل کر کسی دوسرے زمیندار کی زمین بٹائی پر کاشت شروع کردی۔ دادا جی جس افسر کے پاس اپنے بیٹوں کو عاق کرنے کے لئے گئے اس نے انہیں مشورہ دیا کہ فی الحال ان کو عاق نہ کریں اور نہ ہی گھر سے نکالیں البتہ خرچہ اور پیسے نہ دیں صرف روٹی کے عوض آپ کو دو کام والے افراد میسر ہیں۔ ان سے کام لیتے رہیں اگر ضرورت محسوس ہوئی تو عاق بعد میں بھی کیا جاسکتا ہے۔ یہ تجویز دادا جان کو پسند آئی۔ ابا جی اور چچا جان محنت اور ہمت سے دادا جان کی زمینوں پر کام کرتے اور بعد میں اوور ٹائم کے طور پر اپنی بٹائی والی زمین پر کام کرتے۔ بٹائی والی زمین اگرچہ ناقص تھی تاہم ان دو بھائیوں نے محنت اور دعا کے ساتھ فصل کاشت کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ریکارڈ پیداوار ہوئی۔ آپ نے مونجی کی فصل بٹائی کے بعد فروخت کی۔ قادیان جلسہ کے اخراجات اور کتابوں کی خرید کے لئے رقم رکھ کر باقی ساری رقم چندے میں ادا کردی۔

ایک دن آپ زمین پر کام کے لئے جارہے تھے راستہ میں قریبی ڈیرہ کے ایک آدمی نے بلا کر پوچھا غلام نبی! کیا بات ہے اس طرف مزہ نہیں آیا جو تو احمدی ہوگیا ہے؟ ابا جی نے جواب دیا کہ بس یونہی سمجھ لیں۔ ڈیرے میں موجود لوگوں میں سے ایک مولوی صاحب نے آپ سے مذہبی گفتگو شروع کردی۔ ابا جی اس کی باتوں کا تسلی بخش جواب دیتے رہے۔ لاجواب ہوکر وہ کہنے لگا غلام نبی! ہمارے پاس سچائی کا معیار ہے کہ کُشتی لڑتے ہیں جو جیت جائے وہ سچا''۔ آپ نے چیلنج قبول کرلیا اور مولوی صاحب سے کہا کہ آجائیں ابھی کشتی کرلیتے ہیں یہ سن کر مولوی صاحب کی بجائے ایک لمبا تڑنگا پہلوان اٹھا۔ ڈب سے جانگیا نکال کر تیاری شروع کردی۔ ابا جی نے مولوی صاحب سے کہا کہ کشتی کی بات آپ سے طے ہوئی ہے آپ آئیں مگر وہ نہ مانے اور اصرار کرتے رہے کہ اب معاملہ طے پا چکا ہے اور اگر آپ پہلوان سے کشتی نہیں کرتے تو اس کا مطلب ہے آپ ہار گئے ہیں۔ ابا جی نے پہلوان سے کشتی لڑنے کا چیلنج بھی قبول کرلیا۔ تھوڑی دور سکھ زمیندار تھے ابا جی نے انہیں بھی آواز دے کر بلا لیا کہ سردار جی! آجاؤ توانوں کُشتی وکھایئے'' وہ حیران ہوئے کہ باتیں آپ مذہب کی کررہے تھے اور ابھی کشتی لڑ رہے ہیں۔ انہیں بتایا گیا کہ سچائی کا معیار کُشتی ٹھہرا ہے۔ ابا جی نے چادر کا لانگڑ کھینچا اور میدان میں آگئے۔ ادھر پہلوان نے جانگیا لگا کر دائرے میں ابا جی کے گرد وارم اپ (Warm up) ہونے کے لئے چکر لگایا اور پھر پیشہ ور پہلوانوں کی طرح تیزی سے ابا جی کی طرف لپکا۔ جونہی وہ ابا جی کے نزدیک آیا ابا جی نے اسے اٹھا کر اتنی زور سے زمین پر گرایا کہ ابا جی بتایا کرتے تھے کہ ان کا دایاں کندھا جو اس کے اوپر لگا تھا وہ کئی دن تک درد کرتا رہا۔ یہ سب کچھ اتنی جلدی ہوا کہ سب لوگ حیران رہ گئے۔ پہلوان کو ابا جی نے جب چھوڑا تو وہ فوراً وہاں سے رفو چکر ہوگیا اور مولوی صاحب بھی شرمندہ ہوکر وہاں سے کھسک گئے۔ سردار صاحبان کہنے لگے ''مترو! ایہہ گل تے اخبار وچ چھپوان والی ایہہ۔'' (دوستو! یہ خبر تو اخبار میں دینے والی ہے۔)

کچھ عرصہ بعد میں چک 30 کے چوہدری باغ دین باجوہ کی کوشش سے ابا جی کا رشتہ چک 6/11-L ضلع ساہیوال کے مشہور احمدی چوہدری نور دین صاحب ذیلدار کی بھتیجی سے طے پا گیا۔ قیام پاکستان سے قریباً دس سال قبل ابا جی اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ چیچہ وطنی سے دریا خان مری ضلع نواب شاہ سندھ آکر آباد ہوگئے۔ یہاں ایک ہندو دیوان ولی رام سے زرعی رقبہ خریدا۔ بڑی محنت اور کوشش سے اس کو آباد کیا۔ اب سب بہن بھائی احمدیت قبول کرچکے تھے۔ سندھ کا دیہی علاقہ کافی غیر آباد تھا۔ ذرائع آمد و رفت نہ ہونے کے برابر تھے۔ ان نامساعد حالات میں تربیت کی خاطر ہم بہن بھائیوں کو ربوہ بھجوا کر تعلیم دلوائی۔ اپنے بڑے بیٹے (خاکسار) کو پیدائش سے پہلے وقف کیا اور بی۔ اے تک تعلیم دلوا کر جامعہ احمدیہ میں داخل کروایا۔ ہر سال جلسہ سالانہ پر آتے۔ خاندان حضرت اقدس سے گہری عقیدت تھی۔ ابتدا میں ہی وصیت کے نظام میں شمولیت اختیار کرلی تھی۔ ہر تحریک میں حصہ لیتے۔ بیوت الحمد کے خصوصی معاونین کی تحریک میں ایک لاکھ روپیہ چندہ ادا کیا۔ جب تک گوٹھ امام بخش سندھ میں رہے وہاں صدر جماعت کے طور پر خدمات انجام دیں۔ مئی جون کے مہینے میں بھی گندم کی کٹائی اور گہائی میں روزے پورے کرتے۔ ابا جی کی زندگی ''سخت جان بنو۔ کیونکہ نعمتیں زیادہ دیر نہیں رہتیں'' کا عملی نمونہ تھی۔ ہاتھ سے کام کو کبھی عار نہیں سمجھا۔ سندھ کی غیر آباد زمینوں کو دعا اور محنت سے لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور باغات میں تبدیل کردیا۔ آپ کا شمار سندھ کے مثالی کاشتکاروں میں ہوتا تھا۔ ابتدا میں جب دور دور تک طبی سہولتیں میسر نہ تھیں ابا جی شہر سے دوائیاں وغیرہ لا کر گھر میں رکھتے اور غریب لوگوں کا مفت علاج کرتے۔ 1972ء میں حج کی سعادت حاصل کی عمر میں بھی سب بہن بھائیوں سے بڑے تھے اور تجربے میں بھی گاؤں کے لوگ اسی لئے ابا جی کو ''وڈے چودھری'' کے نام سے بلاتے تھے۔ اخبار کا مطالعہ نیز ریڈیو اور پھر بعد میں ٹی۔ وی سے خبریں ضرور سنتے۔ 1990ء میں اپنی زمینیں بچوں میں تقسیم کرکے خود ربوہ آگئے تھے۔ بغیر عینک قرآن کریم اور کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ کرلیتے۔ درثمین سے کافی شعر یاد تھے۔ 25 دسمبر 2004ء صبح 6 بجے دل کی تکلیف ہوئی انہیں فضل عمر ہسپتال کے I.C.U میں داخل کرلیا گیا۔ دوسرے دن

باقی صفحہ 4 پر

وصایا

ضروری نوٹ

